# 25-08-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے اعلان کیا ہے کہ ریاستی حکومت عثمانیہ یونیورسٹی کو عالمی درجہ کی یونیورسٹیوں آکسفورڈ اور اسٹین فورڈ کی طرح ترقی دے گی۔

۲۔ ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ حکومت تعلیمی شعبہ کو آئندہ 50 سال کیلئے مستحکم کرنے کے مقصد کے ساتھ کام کررہی ہے۔

۳۔ بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ نے کہا ہے کہ ان کی پارٹی عوام سے کئے گئے وعدوں کو پورا کرے گی۔

اور

۴۔ اسٹاف سلیکشن کمیشن کے چیرمین گوپال کرشنن نے کہا ہے کہ امتحانات میں تکنیکی خامیوں کو دور کرنے اور بدعنوانیوں کو روکنے کئی اقدامات کئے گئے ہیں۔

CM-OU:

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے اعلان کیا ہے کہ ریاستی حکومت عثمانیہ یونیورسٹی کو عالمی درجہ کی یونیورسٹیوں آکسفورڈ اور اسٹین فورڈ کی طرح ترقی دے گی۔ یونیورسٹی کے کیمپس پر آج دو ہاسٹلوں کی عمارتوں کا افتتاح کرنے اور ایک ڈیجیٹل لائبریری اور ریڈنگ روم کا سنگ بنیاد رکھنے کے بعد چیف منسٹر نے کہا کہ عثمانیہ یونیورسٹی اور تلنگانہ ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عثمانیہ یونیورسٹی سے ہمیشہ مختلف تحریکوں نے جنم لیا ہے۔ اِس یونیورسٹی سے دانشورانہ تحریکوں کا بھی آغاز ہوا۔ چیف منسٹر نے کہا کہ اِس یونیورسٹی سے تعلیم پانے والی ممتاز شخصیتوں میں سابق وزیر اعظم پی وی نرسمہا راؤ اور سابق مرکزی وزیر جئے پال ریڈی شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تلنگانہ تحریک میں اس یونیورسٹی نے فیصلہ کن

رول ادا کیا۔ اسی یونیورسٹی سے دانشور اور جہد کار پیدا ہوئے اور سریکانت چاری، یادیا، ایشان ریڈی اور وینو گوپال ریڈی جیسے شہدأ بھی یہیں سے تعلیم پائے۔ چیف منسٹر نے کہا کہ ان کی حکومت نے ریاست بھر میں یونیورسٹیوں کے لئے قابل اور فعال وائس چانسلرس کا تقرر کیا ہے۔ انہوں نے اس خواہش کا اظہار کیا کہ عثمانیہ یونیورسٹی دانشورانہ دولت کا مرکز بنے جو تلنگانہ سماج کو ترغیب فراہم کرے۔ چیف منسٹر نے کہا کہ ریاستی حکومت کے پاس نوجوانوں کیلئے زمین یا خزانہ نہیں ہے لیکن وہ انہیں معیاری تعلیم دے سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صرف تعلیم سے ہی طلبہ کا مستقبل سنور سکتا ہے۔

Sound byte.

WEATHER:

دفتر موسمیات نے پیش قیاسی کی ہے کہ کل تلنگانہ کے بھدرادری کوتہ گوڑم، جئے شنکر بھوپال پلی، محبوب آباد، ملگو اور ورنگل اضلاع میں اکا دوکا مقامات پر شدید بارش ہوسکتی ہے۔ دفتر موسمیات نے اپنی رپورٹ میں کہا کہ پرسوں بھدرادری کوتہ گوڑم اور محبوب آباد اضلاع میں یہی صورتحال برقرار رہنے کا امکان ہے۔ آئندہ پانچ دن کے دوران تلنگانہ میں اکا دوکا مقامات پر تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش ہوسکتی ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ریاست میں اکا دوکا مقامات پر بارش ہوئی۔

DCA:

ڈرگس کنٹرول اڈمنسٹریشن کے عہدیداروں نے سدی پیٹ ضلع کے جگد یو پور منڈل کے تماپور گاؤں میں ایک نقلی معالج کے کلینک پر چھاپہ مار کر 50 ہزار روپے مالیت کی ادویات ضبط کر لی جو غیر قانونی طور پر ذخیرہ کی گئی تھی۔ ڈی سی اے کی ٹیم نے ایک اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے ایچ رمیش نامی نقلی معالج کے کلینک پر چھاپہ مارا۔ یہ شخص کسی بھی سند یا ڈرگ لائسنس کے بغیر کلینک چلا رہا تھا۔ اس چھاپہ کے دوران عہدیداروں نے 32 قسم کی ادویات ضبط کیں جن میں اینٹی بائیوٹیک، اسٹرائیڈ، انالجسیک اور آئی وی فلوئیڈ شامل ہیں۔

SECURITY

میلادالنبیؐ اور گنیش وسرجن علی الترتیب 5 اور 6 ستمبر کو منائے جائیں گے۔ اس کے پیش نظر حیدرآباد، سائبرآباد اور رچہ کنڈہ کے کمشنریٹ میں پولیس نے سخت حفاظتی انتظامات کئے ہیں۔ تقاریب کو پرامن بنانے کے لئے تینوں کمشنریٹ میں وسیع تر انتظامات کئے جارہے ہیں۔ چونکہ دونوں تہوار یکے بعد دیگرے منائے جائیں گے اسی لئے پولیس نے امن کی برقراری کو یقینی بنانے کے لئے امن کمیٹیوں کے ساتھ اجلاس منعقد کرنے شروع کردئے ہیں۔ پولیس نے بھاگیہ نگر گنیش اتسو سمیتی اور میلاد جلوس کمیٹی کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے ان سے تعاون کی درخواست کی۔ ان تہواروں کے لئے تینوں کمشنریٹ میں تقریباً 30 ہزار پولیس ملازمین متعین کئے جائیں گے۔

BHATTI

ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ صرف تعلیم ہی سماج میں تبدیلی لاسکتی ہے، پسماندگی کو دور کرسکتی ہے اور بھارت کو دنیا کے ساتھ مقابلے کے قابل بناسکتی ہے۔ حیدرآباد کے جوبلی ہلز میں ایک خانگی کمپنی کی جانب سے تعلیمی شعبہ پر شائع کی گئی ایک کافی ٹیبل بک کی رسم اجرائی کے موقع پر ڈپٹی چیف منسٹر نے کہا کہ سماج صرف تعلیم سے ہی ترقی کرسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت آئندہ 50 سال کیلئے تعلیمی شعبہ کو مستحکم کرنے کے مقصد کے ساتھ کام کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنڈت جواہر لال نہرو اور ان کے بعد کے وزرائے اعظم اور وزرائے اعلیٰ نے IIIT، آر ای سی اور یو جی سی جیسے ممتاز اداروں کی شروعات کرتے ہوئے مضبوط بنیاد فراہم کی جس کی وجہ سے بھارت تیزی کے ساتھ ترقی کرسکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تلنگانہ میں ایک سو آئی ٹی آئیز کو اڈوانسڈ ٹکنالوجی سنٹرس میں تبدیل کردیا گیا ہے اور ماہرین کے مشورہ سے ان اداروں کیلئے ایسا نصاب بنایا گیا ہے جو صنعت کیلئے کارآمد ثابت ہو۔ ڈپٹی چیف منسٹر نے کہا کہ 200 کروڑ روپے کی لاگت سے ہر اسمبلی حلقہ میں ایک ینگ انڈیا انٹیگریٹیڈ ریسیڈنشیل اسکول قائم کیا جارہا ہے۔

BJP

بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ نے کہا ہے کہ ان کی پارٹی عوام سے کئے گئے وعدوں کو پورا کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کے تیقن کے مطابق نظام آباد ضلع میں ہلدی بورڈ قائم کیا گیا ہے۔ وہ آج نظام آباد میں بی جے پی کے بوتھ کی سطح کے کارکنوں سے خطاب کرر ہے تھے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ کانگریس پارٹی نے ریاست میں یوریا کی مصنوعی قلت پیدا کرنے کی سازش بنائی ہے اور اس کے قائدین یوریا کے مسئلہ پر کسانوں کو مشتعل کرر ہے ہیں۔ تلنگانہ میں ووٹ چوری پر تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر مہیش کمار گوڑ کے بیان پر تبصرہ کرتے ہوئے رام چندر راؤ نے کہا کہ کانگریس پارٹی جس ووٹر لسٹ کی بنیاد پر اقتدار پر آئی اسی ووٹر لسٹ پر بی جے پی نے کامیابی حاصل کی ہے۔

Sound Byte.

MAHESH

تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر مہیش کمار گوڑ نے الزام لگایا ہے کہ مرکزی وزرا بنڈی سنجے کمار اور کشن ریڈی بی سی ریزرویشن بلوں پر سخت موقف اختیار نہیں کر پار ہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایٹلا راجندر اور دھرم پوری اروند کے بشمول بی جے پی قائدین میں ہمت نہیں ہے کہ وہ پسماندہ طبقات کیلئے تحفظات کا مسئلہ میڈیا کے سامنے بیان کر سکے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ بی جے پی کے قائدین پسماندہ طبقات کیلئے تحفظات کے بلوں پر زہریلا پروپگنڈہ کرر ہے ہیں۔ وہ آج ورنگل ضلع میں وردھن پیٹ سے جَن ہِتا پد یاترا کے دوسرے مرحلہ کے آغاز سے قبل میڈیا سے بات چیت کرر ہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس کی حکومت نے تعلیم ، روزگار اور مجالس مقامی میں پسماندہ طبقات کو تحفظات کیلئے دو بل پیش کئے۔

Holidays

تلنگانہ میں اسکولوں کو 21 ستمبر سے 3 اکتوبر تک دسہرہ کی تعطیلات رہیں گی۔ محکمہ اسکولی تعلیم نے اس سلسلہ میں ایک بیان جاری کیا ہے۔ 4 اکتوبر سے اسکول دوبارہ شروع ہوجائیں گے۔ اسکولوں کے انتظامیوں سے کہا گیا ہے کہ وہ تعطیلات سے قبل FA2 امتحانات مکمل کرلیں۔ تعطیلات کے بعد 24 اکتوبر سے 31 اکتوبر تک SA1 امتحانات ہوں گے۔ نتائج کا اعلان 6 نومبر کو کیا جائے گا۔

Staf Selection

اسٹاف سلیکشن کمیشن نے اعادہ کیا ہے کہ کمیشن منصفانہ اور شفاف انداز میں امتحانات کے انعقاد کا پابند ہے۔ ایس ایس سی کے چیرمین ایس گوپال کرشنن نے آج دہلی میں میڈیا کو بتایا کہ کمیشن نے تکنیکی خامیوں اور بدعنوانیوں کو دور کرنے کے لئے کئی اقدامات کئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امتحانات میں شرکت کرنے والے امیدواروں کی شناخت کی تصدیق کیلئے اِس سال جولائی سے آدھار کا استعمال کی جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِس اقدام سے امیدواروں کو ایک سے زائد سیشن میں شرکت کرنے سے روکا جاسکا ہے۔ امتحانات میں سوالات کے دہرائے جانے کے بارے میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سوالات مرتب کرنے کی ذمہ داری بانٹ دی گئی ہے۔

Sound Byte

Governor

تلنگانہ کے گورنر جشنو دیو ورما نے آج راج بھون میں بھارت سیوا آشرم سنگھ کی جانب سے آؤٹ سورسنگ اسٹاف ، باغ کے مزدوروں اور صفائی کرنے والوں میں دھوتیاں، ساڑیاں، ٹی شرٹس اور بلینکٹ تقسیم کئے۔ بھارت سیوا آشرم سنگھ نے ضروری اشیاء کی تقسیم کے ذریعہ صفائی کرنے والوں کی عزت افزائی کی خاطر یہ قدم اٹھایا ہے۔ گورنر نے آشرم کی بے لوث خدمات کو سراہا اور کہا کہ صفائی کو یقینی بنانا اور مزدور کی عزت کرنا سب کی ذمہ داری ہے۔

Vote

حیدرآباد کے ڈسٹرکٹ الیکشن آفیسر اور جی ایچ ایم سی کمشنر آر وی کرنن نے سیاسی جماعتوں سے کہا ہے کہ وہ جوبلی ہلز کے ضمنی انتخاب کے پیش نظر کمیشن کی تجویز کے مطابق پولنگ اسٹیشنوں کو باقاعدہ بنانے کے عمل پر اپنے اعتراضات اس مہینہ کی 26 تاریخ سے قبل پیش کریں۔

○○